فلمستان کا تیار کردہ

तुम सा नहीं देखा

تم سا نہیں دیکھا

79

اداکاران

شمی کپور ۔ امیتا ۔ پران

قیمت ۱/

زٹن انڈیا کو بکسیلرز ڈپو کلاں دھلی

کہانی آسام کے پاس ایک امیر آدمی رہتا تھا۔ جسے لوگ سونا نگر کے سردار کے نام سے جانتے تھے۔ اُن کے ساتھ اُس کی نئی بیوی بھی رہتی تھی۔ اصل میں سردار راجپال کا نام گوپال تھا۔ جو کہ ۲۰ سال پہلے آدیش میں اپنے دوست امرناتھ کو قتل کر کے بھاگ کھڑا ہوا تھا۔ وہ اپنے پیچھے جوان بیوی کملا اور دو مہینے کے بیٹے شنکر کو چھوڑ گیا تھا۔ اب ۲۰ سال بیت جانے پر گوپال اپنی بیوی اور بیٹے سے ملنے کے ارادے سے اخباروں میں ایک اس طرح کی خبر دی جس سے اُس کی بیوی کو اُس کے بارے میں پتہ لگ گیا۔

آگے پردہ پر دیکھیں ——

گانے

تم سا نہیں دیکھا

گانا نمبر ۱

جوانیاں یہ مست مست بن پئے
جلتی چل رہی ہے راہ میں دئیے
نہ جانے اِن میں کس کے واسطے کتنوں ہیں
نہ جانے اِن میں کون ہے میرے لئے
میرے لئے، میرے لئے، میرے لئے، میرے لئے
سبھی حسین، سبھی جواں
کہاں پہ دل کو ہار دئیے

سبھی ہیں دِل کی مہما، کیسے کیسے پکار دیئے
جوانیاں ....
دیوانے ہم تھے چاہ کے تو بے اعتبار ہوگئے
کہ دُور کی نگاہ کے گنہگار ہوگئے
جوانیاں ...

گانا نمبر ۲

یوں تو ہم نے لاکھ حسیں دیکھے ہیں
تم سا نہیں دیکھا
اُف یہ نظر اُف یہ ادا
کون نہ اب ہوگا فِدا
زلفیں ہیں یا بدلیاں
آنکھیں ہیں یا بجلیاں
جانے کس کس کی آئیگی قضا تو ہم نے
تو بھی حسیں، رُت بھی حسیں
آج یہ دِل بس میں نہیں
راستے خاموش ہیں، دھڑکنیں مدہوش ہیں
پیئے بنا آج ہمیں چڑھا ہے نشہ
یوں تو ہم نے ..
تم نہ اگر بولو گے صنم
مر تو نہیں جائیں گے ہم
کیا ہمیں کیا خود ہو، اتنے کیوں مغرور ہو

مان کے تو دیکھو کبھی کسی کا کہا

یوں تو ہم نے ...

گانا نمبر ۱۳

چھپنے والے سامنے آ

چھپ چھپ کے میرا جی نہ جلا

سورج سے کرن، بادل سے یوں

کب تک چھپے گی یہ تو بتا

آخر تیرے ناز کا یہ پیار نہیں تو اور ہے کیا

دوڑ کے آنا پاس میرے

پیار نہیں تو اور ہے کیا

دور کھڑی حیران ہے کیا

دانت میں انگلی نہ دبا

چھپنے والے ..

الجھی ہے دل سے میرے

زلف تیری بل کھائی ہوئی

دیکھ رہا ہوں تیری نظر

اپنی نظر تک آئی ہوئی

مانوں پہ زلفیں گرا، تو ہے قیامت بن ہوں بلا

چھپنے والے ...

گانا نمبر ۱۴

لڑکی :۔ آئے ہیں ہم دور سے ملنے حضور سے

ایسے میں چپ نہ رہیئے، کہیئے جو تو کہیئے
دن ہے کہ رات
لڑکا:۔ تم سے مہمان کا، مجھ پہ احسان کیا
لاکھوں ہی زلفوں والے
آنے ہیں گھیرا ڈالے
میری کیا بات ہے
لڑکی:۔ اُٹھ کے تو دیکھئے کیسی فضا ہے
شرمانا چھوڑیئے یہ کیا ادا ہے
لڑکا:۔ اُف، توبہ یہ کیا فرمایا
میں تو یوں ہی شرمایا
میری کیا بات ہے
دیکھتی ہیں روز ہی ایسی فضائیں
مکھڑے کے سامنے کالی گھٹائیں
لڑکی:۔ کوئی چل جائے جادو، پھر ہم پوچھیں گے بابو
دن ہے کہ رات ہے

گانا نمبر ۵

دیکھو ہم سے دیکھو ہم سے
کہتے ہیں تم سے ہاں
تم بھی چلو گے، ہاں تم ملو گے
روٹھ کے ہم سے ہاں
رات ہے دیوانی، مست ہیں فضائیں

چاندنی سہانی - سرد ہیں ہوائیں
تم بھی چلو گے - ہاتھ ملو گے
روٹھ کے ہم سے ہاں
دیکھو قسم سے...
جانے ہو تو جاؤ - جل دیجئے ہم بھی
آئے یا نہ آئے، اب نہیں ہے غم بھی
ہم بھی اکیلے، تم بھی اکیلے
کہتے ہیں تم سے ہاں
تم بھی چلو گے ہاتھ ملو گے
روٹھ کے ہم سے ہاں
دیکھو قسم سے...
کیا لگائی تم نے، یہ قسم قسم سے
تو ٹھہر گئے ہم، کچھ کہو بھی ہم سے
بن کے نہ چلئے
بن کے نہ چلئے، کہتے ہیں تم سے ہاں..
تم بھی چلو گے، ہاتھ ملو گے
روٹھ کے ہم سے ہاں
دیکھو قسم سے
گانا نمبر ۶
سر پہ ٹوپی لال
ہاتھ میں ریشم کا رومال

او۔ تیرا کیا کہنا

لڑکا:۔ گورے گورے گال گال پر آ اُلجھے اُلجھے بال

او۔ تیرا کیا کہنا

او میرا دل او۔ جانے جا جا جا جا

جو دیکھ گلی کہاں نشے میں بھری بھری

لڑکی:۔ او چرا دل میں دل تیرا جگر بھی نہیں میرا

غم بھی نہیں میری

لڑکا:۔ آئے بہکی بہکی چال چل ہائے، چل کے جیسے ڈال

او۔ تیرا کیا کہنا

لڑکی:۔ سر پہ ٹوپی لال

او۔ ہر کیوں چل پہ ہاتھ ہے۔ دم کیا ایسی بات ہے

ہمیں بھی بتائیے

لڑکا:۔ او بھلا اللہ ہی دور سے کیوں کیا حضور رہیے، میرے پاس آئیے

لڑکی:۔ ہو ہو کے بے حال یا لما یہ شطرنجی چال ۔ او۔ تیرا کیا کہنا

لڑکا:۔ او گورے گورے گال تمنا بھی کم ہے کم کوئی بھول میں

ہم تیری زلف چومتے

لڑکی:۔ او۔ یہی ارزو ہم تیرا ادب کیجے ہم غرابی سے جھومتے

لڑکا:۔ او یہ بہکی بہکی چال چال ہائے لچکے جیسے ڈال

او۔ تیرا کیا کہنا

سر پہ ٹوپی لال

ختم شد

عملیات تسخیر محبوب عرف
ہمدرد عشاق

اگر آپ کا دل کسی کافر جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہے۔ اور کامیابی کی کوئی سبیل نظر نہیں آتی منت سماجت کرتے کرتے آپ مایوس ہو چکے ہیں۔ تو آج ہی ہماری یہ کتاب طلب فرمایئے۔ اس کے بہترین عملیات تیر بہدف ثابت ہو چکے ہیں۔ جن پر عمل کرنے اور اعتقاد رکھنے سے آپ اپنا مقصد ضرور پورا کر سکتے ہیں۔ ہزارہا اشخاص کا بارہا تجربہ کیا ہوا ہے۔ اس کا کوئی عمل کبھی خطا نہیں جاتا۔ آپ اس نادر چیز سے خاطر خواہ فائدہ اٹھایئے۔

قیمت صرف ۱/۸/ محصولڈاک معاف

اندر جال یہ جادو کی وہ مشہور کتاب ہے جسکے لئے اردو داں احباب ایک مدت سے متجسس تھے۔ ہم نے زر کثیر خرچ کر کے اسے شائع کرایا ہے

قیمت صرف ۱/۸/ محصولڈاک معاف

تنویر اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(دارالآباد پریس دہلی)